# Directorate of Education, GNCT Delhi-54
## Practice Question Paper for Mid-term (2022-23)
## Sub: Urdu-III
## Class: VII

Time: $2\frac{1}{2}$ Hrs. MM: 60

1- درج ذیل نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔

ہرن نے اپنے دوست بکرے سے کہا: ''آؤ ایک گھر بنائیں۔'' بکرا بولا: '' بہت اچھا، میں تیار ہوں'' ہرن نے کہا: '' میں زمین کھودوں گا اور تم لکڑیاں لاؤ۔ دونوں چلے۔ ایک ہرے بھرے پہاڑ کے پاس گھر کی جگہ پسند کی۔ یہ جگہ بہت خوب صورت تھی۔ دونوں خوش ہوئے اور گھر بنانے لگے۔ پاس ہی ایک بطخ رہا کرتی تھی۔ ان کے پاس گئی اور بولی: '' مجھے اپنا ساتھی بنالو۔ اکیلے جی نہیں لگتا۔ ہرن اور بکرے نے بطخ سے پوچھا: '' بہن تم کیا کرو گی؟

(i) ہرن نے بکرے سے کیا کہا؟

A. میں زمین کھودوں گا اور تم لکڑیاں لاؤ

B. میں کھانا بناؤں گا اور تم لکڑیاں لاؤ

C. میں زمین کھودوں گا اور تم کھانا بناؤ

D. میں زمین کھودوں گا اور تم ریت لاؤ

(ii) کس نے ہرن اور بکرے کے پاس جا کر کہا کہ مجھے اپنا ساتھی بنالو؟

A. چڑیا

B. مرغ

C. بطخ

D. بلبل

(iii) ہرن اور بکرے نے کس کے پاس گھر کی جگہ پسند کی؟

A. دریا کے پاس

B. سمندر کے پاس

Scanned with CamScanner

C. پہاڑ کے پاس

D. اسکول کے پاس

2-درج ذیل شعری حصے کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔

درختوں پر ہے چڑیوں کا بسیرا
درختوں سے ملے سایہ گھنیرا
خوشی سے چہچہاتے ہیں پرندے
خدا کی حمد گاتے ہیں پرندے
مسافر دھوپ سے گھبرا کے آئیں
تو ٹھنڈی چھاؤں میں آرام پائیں
سڑک، میدان، رستوں پر گھروں پر
درختوں کا اثر ہے موسموں پر

(i) پرندے کہاں بسیرا کرتے ہیں؟

A. درختوں پر

B. چھتوں پر

C. گھروں پر

D. سڑکوں پر

(ii) درختوں سے مسافروں کو کیا فائدہ ہوتا ہے؟

A. سایہ ملتا ہے

B. روشنی ملتی ہے

C. پیسے ملتے ہیں

D. تکلیف ملتی ہے

(iii) پرندے کس کی حمد گاتے ہیں؟

Scanned with CamScanner

A. مسافر کی

B. خدا کی

C. استاد کی

D. ڈاکٹر کی

3- درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔

گیہوں کے کھیت میں ایک چڑیا اپنے تین چھوٹے بچوں کے ساتھ رہتی تھی۔ جب چڑیا باہر چلی جاتی، بچے گھونسلے میں ہی کھیلتے رہتے۔ کچھ دن گزر گئے۔ اب چڑیا کے بچے بڑے ہو گئے تھے لیکن ابھی اڑ نہیں سکتے تھے۔ ایک دن چڑیا دانہ لانے باہر گئی ہوئی تھی۔ بچوں نے دیکھا کہ کسان اور اس کا بیٹا باتیں کرتے ہوئے کھیت کی طرف آ رہے ہیں۔ "دیکھو، دیکھو کوئی آ رہا ہے ایک بچے نے کہا۔ چپ رہو، وہ ہمیں دیکھ لیں گے۔ دوسرے نے کہا۔ بچے چپ ہو گئے۔ کھیت کے پاس آ کر کسان نے گیہوں کا ایک پودا اپنے بیٹے کو دکھایا اور کہا: "دیکھو جب گیہوں پکنے لگتا ہے تو ایسا ہو جاتا ہے۔

(i) چڑیا کیا لانے باہر گئی ہوئی تھی؟

A. دانہ

B. روٹی

C. گھاس

D. پانی

(ii) کھیت میں چڑیا اپنے کتنے بچوں کے ساتھ رہتی تھی؟

A. دو

B. تین

C. چار

D. پانچ

(iii) کسان نے اپنے بیٹے کو کس چیز کا پودا دکھایا؟

Scanned with CamScanner

A. جوار

B. باجرا

C. گیہوں

D. دھان

4- درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔

پنجابی ہو یا سندھی　　اردو بولے یا ہندی
دھوتی پہنے یا شلوار　　پھول سجائے یا بندی
سب کا مان برابر ہے　　ہر انسان برابر ہے

(i) درج بالا شعری حصّہ کس نظم سے لیا گیا ہے؟

A. بسنت

B. ہر انسان برابر ہے

C. میرا ہندوستان وطن

D. قلم

(ii) مان لفظ کے کیا معنی ہیں؟

A. عزت

B. بڑی شان والا

C. ذلت

D. محنت

(iii) اردو اور ہندی کیا ہیں؟

A. علاقوں کے نام

B. پیشوں کے نام

Scanned with CamScanner

سوال (c) ملک کے نام

(d) زبانوں کے نام

سوال5 نیچے دیے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 100 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 5

(i) یوم آزادی

(ii) یوم اساتذہ

(iii) میرے والدین

سوال6 اپنے پرنسپل کے نام دو دن کی چھٹی کی درخواست لکھیے۔ 4

یا

والد کو خط لکھ کر اپنے احوال بتائیے۔

سوال7 دی ہوئی ہدایات کے مطابق سوالوں کے جواب لکھیے۔ 8

(i) نیچے دیے گئے لفظوں میں سے صرف چار الفاظ کی جمع لکھیے۔

مسافر، شہر، خدمت، شخص، لڑکا، چڑیا

(ii) نیچے دیے ہوئے لفظوں میں سے صرف دو لفظوں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔

بادشاہ، لیاقت، تیراندازی، سلطنت

(iii) جس سے کسی کام کے کرنے یا ہونے کا علم اسے ______ کہتے ہیں۔(اسم، ضمیر، فعل)

(iv) نیچے دیے گئے لفظوں میں سے صرف چار الفاظ کے متضاد لکھیے۔

بہتر، مصیبت، دور، دیر، دن، کالا

Scanned with CamScanner

سوال 8 نیچے دیے گئے سوالات میں سے کسی تین سوالوں کے جواب لکھیے۔ 9

(i) روکھی سوکھی روٹی کمانے والے بزرگ کون تھے ؟

(ii) کولتار سے کون کون سی چیزیں بنتی ہیں ؟

(iii) چھوٹی سی عمر میں چاند بی بی نے کیا کیا سیکھا؟

(iv) غریب مسافر نے شہر میں جا کر کیا دیکھا؟

(v) عام طور پر سڑکیں سیاہ کیوں دکھائی دیتے ہیں ؟

سوال 9 نیچے دیے گئے سوالات میں سے کنہیں تین سوالوں کے جواب لکھیے۔ 6

(i) میرا انسان سراسر نے نظم میں کن پیشوں کا نام آیا ہے ؟

(ii) بسنت نظم کے شاعر کا نام لکھیے۔

(iii) سروں کے پھول ہر طرف کیوں کھلے ہوئے ہیں ؟

(iv) بسنت کس موسم کے بعد آتا ہے ؟

سوال 10 دی ہوئی مثال کے مطابق لفظوں کو بدل کر لکھیے۔ 4

مثال: بچّہ بچے بچوں

کپڑا ______ ______

جوتا ______ ______

چشمہ ______ ______

مسوڑا ______ ______

# Marking Scheme

Sub: Urdu IIIrd

Class-VII

-1 (i) (B) میں کھانا بناؤں گا اور تم لکڑیاں لاؤ — 3x2=6

(ii) (C) بیج

(iii) (C) پہاڑ کے پاس

-2 (i) (A) درختوں پر — 3x2=6

(ii) (A) سایہ ملتا ہے

(iii) (B) خدا کی

-3 (i) (A) دانہ — 3x2=6

(ii) (B) تین

(iii) (C) گیہوں

-4 (i) (B) میرا انسان میرا سر ہے — 3x2=6

(ii) (A) عزت

(iii) (D) زبانوں کے نام

-5 مضمون تمہید = 1

نفس مضمون = 3

اختتام = 1

کل نمبر = 5

Scanned with CamScanner

6- درخواست/خط — ساخت= 2

نفس مضمون= 2

کل نمبر= 4

-7 (i) مسافر۔مسافروں　　شیر۔شیروں　　خدمت۔خدمات

شخص۔اشخاص　　لڑکا۔لڑکوں　　چڑیا۔چڑیوں

(ii) مغل اکبر بہت مشور تھا۔

ہمیں اپنی لیاقت کا صحیح استعمال کرنا چاہیے

چاند بی بی نے تیر اندازی سیکھی

اکبر بادشاہ کی بڑی سلطنت تھی

(نوٹ۔ طلبا اپنے طور پر الفاظ بنا سکتے ہیں)

(iii) فعل　　2x1=2

(iv) بہتر۔بدتر　　مصیبت۔آسان　　دور۔پاس　　2x½=4

دیر۔جلد　　دن۔رات　　کالا سفید

-8 (i) روکھی سوکھی روٹی کھانے والے سبز رنگ حضرت علیؓ تھے۔　　3x3=9

(ii) کولتار سے سیکڑوں طرح کے رنگ بنائے جاتے ہیں۔ سنیٹ اور ہر قسم بھی کولتار سے بنائے جاتے ہیں۔

کولتار سے کچھ دوائیں بھی بنتی ہیں اور کولتار سے سڑکیں بھی بنائی جاتی ہیں۔

(iii) چھوٹی سی عمر میں چاند بی بی نے عربی فارسی کی اچھی تعلیم حاصل کرلی۔ تیر اندازی اور گھڑ سواری میں بھی

مہارت حاصل کرلی۔

(iv) غریب مسافر نے دیکھا کہ ایک شخص روکھی سوکھی روٹی پانی میں بھگو بھگو کر کھا رہا ہے۔

Scanned with CamScanner

(v) کولتار کی وجہ سے سڑکیں سیاہ دکھائی دیتی ہیں۔

-9 (i) اس نظم میں پٹواری، میراثی، بھنڈاری، فوجی، مزدوری جیسے مختلف پیشوں کا نام آیا ہے۔ 3x2=6

(ii) نظر لدھیانوی

(iii) بسنت کا موسم آنے کی وجہ سے بہار آگئی، اس لیے سرسوں کے پھول ہر طرف کھلے ہوئے ہیں۔

(iv) جاڑے کے موسم کے بعد بسنت آتا ہے۔

-10 4x1=4

| | | |
|---|---|---|
| کپڑا | کپڑے | کپڑوں |
| جوتا | جوتے | جوتوں |
| چشمہ | چشمے | چشموں |
| مسوڑا | مسوڑے | مسوڑوں |

Scanned with CamScanner